AR
229

ISRAR - I - `ISHQ-

VOL. I



Edited By:
Dr. A. ZAIBUNISSA.,
M.A.B.ED., Ph.D.,

اسرار عشق
(حصۂ اول)

GEN. EDITOR
NATANA KASINATHAN, M.A.

ISRAR-I-'ISHQ

Vol-I

Editor

Dr. A. Zaibunissa, M.A.,B.Ed.,Ph.D.,

General Editor

Natana Kasinathan M.A.

Government Oriental Manuscripts Series, No.67

ISRAR-I-'ISHQ

Edited by
Dr.A. Zaibunissa, M.A.,B.Ed.,Ph.D.,
Urdu Pandit
Government Oriental Manuscripts Library, Madras-5.

General Editor
Natana. Kasinathan, M.A.,
Director of Archaeology
Madras-113.

Price: Rs. 56/-

©

Government Oriental Manuscripts Library, Madras-5
1995

ISRAR-E-'ISHQ

INTRODUCTION

This edition is an interesting story of Aqil and Nazarband, the two members of the royal family of Rome. The date of composition of the present work is 1225 A.H.

The author of this poetical work, Gulam Hussain Mohammed of Arcot completed this work in 1225 A.H.

The Mathnawi contains many Ghazals of the poet both in persian and Urdu. It consists of five thousand and four hundred line.

The copy of this work is dated Rabi-al-awwal, A.H.1322. The name of the scribe is Ghulam Jilani.

This poem gives us a picture of the life, civilization and culture, with its noble and lofty ideals, notions and aspirations, prevailing during this period.

The names of **Mr.S.P.Ilangovan** I.A.S., and **R.Christodass Gandhi** I.A.S., should be remembered now.

My thanks are due to the Curator, **Dr.S.Soundarapandian,** who has taken sincere efforts to bring it in print. I also thank **Mrs.Dr.A.Zaibunissa,** who is responsible for preparing the press-copy.

Natana. Kasinathan
Director of Archaeology

PREFACE

Oriental manuscripts Library preserves a huge collection of Manuscripts in several languages as Sanskrit, Tamil, Telugu, Marathi, Urdu, Persian and Arabic.

This edition is based on a single paper manuscript describe under D.No. 80 UMs. available in the Govt. Oriental Manuscripts Library, Madras. The date of transcription of this work is 1322 A.H. This poem gives us a picture of the life and culture prevailing during this period.

My thanks are due to the former Tamil Development Secretary **Mr.S.P.Ilangovan I.A.S.,** and present Secretary **Mr.R.Christodass Gandhi I.A.S.,** who showed their keen interest in bringing out our library publications. My thanks are also extended to the Director of Archaeology, Natana Kasinathan and **Dr.A.Zaibunissa** who prepared the press copy.

Dr.S.Soundarapandian,
M.A.(Tamil), M.A.(Eng), B.Ed., Dip (Skt), Ph.D.,
Curator
G.O.M.L., Madras - 5.

PALMLEAVES AND COINS

Dr.S.Soundarapandian,
M.A.(Tamil), M.A.(Eng), B.Ed., Dip (Skt), Ph.D.,
Curator
G.O.M.L., Madras - 5.

It is amazing when we come to know that there is a relationship between palmleaf manuscripts and old coins.

In the course of cataloguing the palmleaf manuscripts in Govt. Oriental Manuscripts Library sometime in 1992, we happened to look at coins tied at the tip of the white thread coiled around leaf bundles.

This they had done to keep the thread above the hole of the wooden plank as shown in fig.1.



Let us describe here two valuable old copper coins discovered in the above noted manner.

COIN 1:

Value of the coin was 4 pie. It had been issued in 1794 A.D. during the reign of Mohammed Alikhan, Nawab of Arcot (Tamilnadu).

Actual details of this round copper coin:

Obverse:



At the bottom of the balance is written, 'Justice' in Arab.
Diameter of Coin: 1.9 cms

Reverse:



COIN 2:

Value of this round copper coin was one pie. This had been issued in 1838 A.D. during the reign of Azimja Sirajul Umera Bahadur, Nawab of Arcot (Tamilnadu). Actual details:-

Obverse:



On reverse, nothing could be identified.

This report warns the scholars in the concerned field to take care not to loose valuable coins of our ancestors in course of their palmleaf collections and studies.

اسرارِ عشق

مصنف :

محمد حسین آرکاٹی

ترتیب و مقدمہ :

ڈاکٹر زیب النساء ایم ۔اے ۔بی ۔ایڈ ۔پی ۔ایچ ۔ڈی

دیباچہ

کتاب "اسرار عشق" غلام حسین محمد کی تصنیف ہے ۔ یہ مثنوی 1222ھ میں لکھی گئی ۔ غزلیں فارسی اور اردو میں لکھی گئی ہیں ۔ کاتب کا نام غلام جیلانی ہے ۔ اس مخطوطہ کی کتابت ۱۳۲۲ھ میں کی گئی ہے ۔ موجودہ نقل اورینٹل میانوسکرپٹ لائبریری میں ۔ محفوظ ہے ۔ مصنف کی زبان اور اندازِ بیان تیرھویں صدی ہجری کی ترجمان ہے ۔ مختلف حالات اور واردات عشق دکنی زبان اردو میں منظوم کئے گئے ہیں ۔ ان میں ایک عشقیہ داستان نظمائی گئی ہے ۔ یہ قدیم طرز کی حامل ہے ۔ اس مثنوی کے پانچ ہزار سے زیادہ اشعار ہیں ۔ ترتیب اور تصحیح کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے ۔ اس کتاب کی طباعت کے لئے میں ٹمل ناڈو گورنمنٹ کی تہہ دل سے مشکور ہوں ۔

ڈاکٹر زیب النساء ایم ۔اے ۔بی ۔ایڈ ۔پی ۔ایچ ۔ڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع میں کیا ہوں بنام کریم ‌ کہ وہ ہیگا[1] بیشک علی العظیم

وہ واحد ہے یکتا وہ خلاق ہے ‌ وہ معبود بر حق وہ رزاق ہے

رسانندۂ روزی بندگان ‌ کشایندہ کار واماندگان

وہ ہیگا کریم اور وہ ہے رحیم ‌ وہیگا قدیم اور ہے وہ حکیم

وہ ہے بادشاہ زمین وزمان ‌ وہ سب اپنے بندوں پہ ہے مہربان

وہی ہے علی کل شئی قدیر ‌ نہیں کوئی اس سا وہ ہے بے نظیر

وہ ستار ہیگا وہ غفار ہے ‌ وہ قدوس و مومن وہ جبار ہے

وہی ہیگا قادر وہی بے نیاز ‌ وہ سب اپنے بندوں کا ہے کارساز

زوال اس کو نہیں ہے وہ ایسا ہے شاہ ‌ بھانہ[2] طلب بہر عفو گناہ

عجب ہیگا وہ اکرم الاکرمین ‌ عجب ہیگا وہ ارحم الراحمین

عجب مالک الملک ہے لاشریک ‌ کہیں ہے نہیں ہیگا اس کا شریک

وہ اللہ ہیگا رحیم و حلیم ‌ وہ بھیجا نبیوں کو ز[3] لطف عمیم

۱۔ ہیگا-ہوگا   ۲۔ بھانہ بہانہ   ۳۔ زسے

در نعت حضرت محمد مصطفے سلطان انبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بنیو نمیں ہے خاتم محمد نبی ‌ دیا اپنے حق نعمت اس کو سبھی

دیا ہے نعمت حق جہاں پر تمام ‌ دیا اسکیئں[1] رب نے عالی مقام

یقین وہ عرب ہے بلا عین کا ‌ بلاشک وہ جد ہیگا[2] حسنین کا

وہ احمد بلا میم کا ہے یقین ‌ ہے سب سبلین اسکے خدمت گرین

وہ سالار ہے انبیا کا تمام ‌ علیہ الصلواہ وعلیہ السلام

کیا حق اسے شاہ کونین اُسے ‌ کہ ہے رتبۂ قاب و قوسین او سے

عجب اوسکو پیدا کیا ہے کریم ‌ وہیگا مجسم ز خلق عظیم

محمد بعز و بقدر و بجا ‌ بردن از تصور چو ذات الہ

ہزاران[3] درودان ہزارن سلام ‌ زمان بر محمد علیہ السلام

کہ ہر آل پاکش ہزار آفرین ‌ کہ ہم طیبین از ہم طاہرین

کہاں ثنا اُسکی میں کر سکوں ‌ یھی[4] شکر حق ہے جو امت میں ہوں

۱۔ سکئیں اسکی تیئیں   ۲۔ ہیگا ہوگا   ۳۔ ہزاران ہزارہا   ۴۔ یھی یہی

در مدح حضرت سید اصفیا وصی خاتم انبیا حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ

محمد کے بعد از علی کی ثنا
سزاوار ہیں سب انہیں کے ثنا

علی ہیگا[1] بیشک وصی رسول
کہ ہے داماد اور اخی[2] رسول

بحق جانشین رسول خدا
دیا رب نے اس کو تو یہہ مرتبا[3]

امیر عرب جفت پاک تبول
کہ از تیغ او کفر راشد نزول

کہ نفس نبی خواند اور اخدا
کہ او فضل است از ہمہ انبیا

محمد نبی کو علی سا وصی
نہ ایسا نبی کہیں نہ ایسا وصی

نماز اوسکی تا کہیں نہ ہوے قفا
یا رب نے خورشید کتیش[4] پھرا

نفاق علی میکند دل سیاہ
بر د منکرش کافر شراژ خواہ

محبت علی کو خوش آیئن ہے
عدوے علی خائن[5] دین ہے

مجھے کب زبان ہے جو بولوں ثنا
میں اس کا غلام ہوں وہ ہے بادشاہ

در مدح حضرت سیدۃ النساء العالمین بضعۃ منی حضرت فاطمہ الزہرا۔

---

١ ۔ ہیگا ہوگا   ٢ ۔ اخی بھائی   ٣ ۔ مرتبا مرتبہ   ۴ ۔ کتیش کی تھیں   ۵ ۔ خائن خیانت کرنے والا

بتول العذرا صلوات اللہ علیہا و علی در مبینا

کھوں[1] بعد اوسکے ثنائے بتول
کہ بے شک ہے وہ نور چشم بتول

اوسے بضعۃ منی کا ہے خطاب
خدا دوست اوسکا نبی اسکا باب[2]

اوسے زوج شاہ مردان علی
پسر اوسکے حسنین حق کے ولی

یہاں فاطمہ جس ستی[3] شاد ہے
سدا دونوں جگمین وہ آباد ہے

سنو فاطمہ جس سے بیزار ہے
جہنم اوسی کو سزاوار ہے

خدا و نبی اس پہ ہے در غضب
تعتین ہیگا وہ کافر بے ادب

بود بس تعین مودیٔ فاطمہ عنہا
سزاوار آن دوزخ فاطمہ عنہا

مجھے اسکی تعریف کو نین زبان
خدا و نبی اسکے ہیں مدح خوان

در مدح یازدہ پیشوایانِ دین متین یعنے حضرت آیمہ معصوم مین علیہم الصلوات والسلام رضی اللہ عنہ

کہوں رب ثنائے وہ ایک و امام
جنون سے ہوا دین کتیں انتظام

ہمہ جون محمد ہمہ چون علی
ہمہ وارثِ علم دین نبی

جہاں قایم ہے انکے ہی ذات سے
قفا و قدر ان کے ہے ذات سے

نبی کے وصی ہیں یہ گیارا امام
انہو پر درودان[1] انہو نپر سلام

کہ من نام ایشان بیان میکنم
چو بر ہر دو عالم عیان میکنم

حسن ابن حیدر حسین علی
یہہ دونو ہیں بیشک امام ولی

کہ ہے بعد سجاد ابن حسین
بھی باقر ہے سجاد کا نور عین

پچھے اوسکے صادق علیہ السلام
ہے کاظم شہنشاہ عالی مقام

علی ابن موسی رضا بعد ازین
نقی و تقی ہیں شہنشاہ دین

حسن عسکری ہے تقی کا خلف
بھی ہے مہدی دین شہ باشرف

جہاں میں سلامت ہے میرا امام
نبی و علی کا وہ قایم مقام

---

١ ۔ کھون کہوں   ٢ ۔ باب باپ   ٣ ۔ ستی سے   ۴ ۔ ہیگا ہوگا   ۵ نین ہیں   ٦ ۔ معصوم میں معصومین
٧ ۔ جنون جنہوں   ١ ۔ درودان درود کی جمع اوراد   ٢ ۔ پچھے پیچھے

دربیان دعائے خروج حضرت صاحب الزمان صلواہ اللہ الملک المنان

امام زمان محبت کردگار ۔۔۔ فروز ندہ گوہر ہشت وچار
کہ وہ حال غیبت میں ہے شاہدین ۔۔۔ خدا اس کو بھیجیگا وقت معین
جہاں کے طرح اب ہوئی ہے خراب ۔۔۔ اے میرے شہنشاہ آتو شتاب
جہانمیں بہت شور وغل ہے مچا ۔۔۔ محبوں پہ تیرے بہت ہے جفا
تو اپنے قدم سے جہاں پاک کر ۔۔۔ میرے تیئں تیرے پاؤنکی خاک کر
مجھے اپنے ہمراہ رکھ اے امام ۔۔۔ تو میرا ہے مولا میں تیرا غلام
یہ خادم کو تیرے ہے اب آرزو ۔۔۔ میری آرزو برلے آجلد تو

درصفت ازواج مطہرات وصحابہ خاص رضی اللہ عنہم

نبی کے سب ازواج واصحاب پر ۔۔۔ ہزاران[1] سلام ہوجیا حباب پر
نبی پر گئے جب کہ یہ جان فدا ۔۔۔ رضی اللہ عنہم کہا[2] ہے خدا

دربیان مناجات پروردگار گویند

میں بندہ گناہ گار ہوں اے کریم ۔۔۔ مجھے بخش دے اے غفور الرحیم
میں عاجز ہوں مضطر ہوں حیران ہوں ۔۔۔ گناہوں سے اپنے پریشان ہوں
الٰہی منم بندۂ عاصیت ۔۔۔ ہمہ عمرم گشت در معصیت
الٰہی توئی خالق کارساز ۔۔۔ بکن عفو اے قادر بے نیاز
الٰہی کرم کر میرے حال پر ۔۔۔ اس ایام گردش کے جنجال پر
الٰہی بحق حسین وحسن ۔۔۔ بسجاد باقر شہ مومنین
بصادق بکاظم رضا و تقی ۔۔۔ بحق نقی وشہ عسکری
بحق محمد امام زمان ۔۔۔ کہ نامش بود مہدی اور عیان

۱۔ ہزاران ہزاروں ۔۔۔ ۲۔ کہاہا

الٰہی بحق ہمہ انبیاء ۔۔۔ بحق ہمہ اصفیا اولیا
میری فکر آزار کو اے کریم ۔۔۔ دفع کر میرے سے اے میرے حکیم
میرے دل کے قطرات کو رفع کر ۔۔۔ میرے دشمنوں کو تو سب دفع کر
میرے دین ودنیا کے مطلب تمام ۔۔۔ تو بر لا حق نبی وامام
الٰہی دعا کو میرے کر قبول ۔۔۔ بحق رسول بہ آلِ رسول

در تعریف بادشاہ اسلام وامرائے زمان خلد اللہ

اور اسلام کے اب جو ہیں بادشاہ ۔۔۔ سلامت رکھے دوجہان میں سدا
خدا دین احمد کو غالب رکھے ۔۔۔ سبھی خلق کو اس کا طالب رکھے
جو اسلام کے ہیں امیرے زمان ۔۔۔ خدا ان کو جیتے رکھے درجہاں
خدایا سدا انکو تو شاد رکھ ۔۔۔ دونوں جگ میں تو آن کو آباد رکھ
رہے تیز شمشیر انکے مدام ۔۔۔ جو کفار پر تا بروزے قیام
کہ آلِ نبی کے جو ہیں دوستدار ۔۔۔ رہے شاد وخرم میرے کردگار
جہاں میں جو ہے مسلم ومومنین ۔۔۔ سدا رکھ شاد ارحم الراحمین
میرے ماں کتن[1] شاد رکھ اے خدا ۔۔۔ سدا اس کو آباد رکھ اے خدا
تو کر خضر سے عمر اسکی عطا ۔۔۔ بحق محمد رسولِ خدا
میرے اقربا و[2] نپہ نت کر کرم ۔۔۔ کبھی انکتین کو نہ بتلا تو غم
میرے دوستوں کو تو آباد رکھ ۔۔۔ عدو کو سب انکے تو برباد رکھ
جہاں میں جو ہیں کل سبھی مومنین ۔۔۔ کرم سے تو رکھ شاد انکے تیئں
اہنوں کے طرف سے مجھے رکھ تو شاد ۔۔۔ میرے دوجہاں کے تو برلا مراد

۱۔ کتن کے تیئں ۔۔۔ ۲۔ اقربا پر ۔۔۔ ۳۔ ذات تئے

در تضمین ابیات باذل علیہ السلام رضی اللہ عنہ

یہ نخہ میں باذل کے ابیات ہیں / کیا درج اس کو خوشی سات ہیں
وہ بیتان ہے در حملۂ حیدری / ہوئے جس سے باذل کتمین برتری
ہے باذل تو مداح شاہ نجف / جو پایا ہے دو نو جہاں میں شرف

در بیان در سبب تالیف این نسخہ گوید

تفکر میرے دل پہ تھی ایکروز / ہیں پہ نقل ایک سے سنی دلفروز
میرے دل میں آیا ہے اسکو تمام / جو ابیات ہند یمین دیون انتظام
زن و مرد اس سے ہوئیں بھرؔ ور / اسے پڑ کے خوش ہوں مجھ سے مگر
اسی واسطے میں بنایا اسے / سبھی خلق پر اب سنایا اسے
یہ قصہ سے باقی رہے میرا نام / بحق محمد علیہ السلام
ذرا شعر میں میرے ہین راہ نین / کہ اس بات سے سارے آگاہ ہیں
غرض نام اس کا ہے اسرار عشق / شروع اب ہوا یہاں سے طومار عشق

آغاز داستان قصۂ شاہ روم یعنے فیروز شاہ و چونکے احوال گوید

خوشی سے پلا مجھ کو ساقی شراب / کہ تا مین کہوں ایک کہانی شتلبؔ
خوشی سے پلا تو مئی پر خمار / کہ تا میں خوشی سیتی ہوں دلفگار
کہ تھا روم کے ملک میں ایک شاہ / بہت خوبی و خلق کا بادشاہ
سبھی بادشاہ دیویں اسکو خراج / سبھی تاج داروں سے لیتا تھا باج
شجیع اور عادل تھا اور تھا سخی / مصلّی نمازی بڑا متقی
او سے خلق کہتے تھے فیروز شاہ / بہت حسن و خوبی میں تھا چونکہ ماہ
رعیت سپہ اور پیر و جوان / سبھی اسے خوش تھے کہاں و مہاں
سبھی بات سے شاہ دل شاد تھا / مگر ایک غم تھا سو اولاد کا

۱ - بھروسہ - بہرور - مستفید

او سی فکر سے غم میں تھا بادشاہ / کہ مجھ بعد وارث نہیں کوئی میرا
اسیطرح کئے روز گزرے مگر / بھی فکر میں تھا و شام و سحر
سو یکدن شہنشاہ بہت غم ستیؔ / بہت رو کے حق سے مناجات کی
لگا کہنے اے قادر بے نیاز / تجھے سب سکت ہے تو ہے کارساز
میرے پر کرم کر اے میرے کریم / عطا مجھ کو اولاد کر اے رحیم
کیا بے قراری سے جب ان دعا / خدا سے اجابت ہوا مدعا
کئے روز بعد از سنا شہ خبر / کہ شہزادی تو گھر میں ہے بارور
یہ سن کر بہت خوش ہوا بادشاہ / کیا شکر حق اور دگانہ پڑا
دعا وہ فقیروں سے لینے لگا / سبھی مستحقوں کو دینے لگا
غرض نو مہنے گئے جب گزر / کہا شہزادی سے کئے آشکر
میں کہتا ہوں تجویز تیرے سے ایک / چھپا دل میں رکھ سب کومت بول بیک
تولد کے دن کس کو نا کر خبر / ترے پاس ایک دائی رکھ معبرؔ
اگر ہوے دختر تو بولے پسر / میرے تئین پاس ایک دائی رکھ معبرؔ
اگر ہوے دختر تو بولے پسر / میرے تئین کرے کان میں آخبر
اگر ہوئے بیٹا بہت خوب ہے / نہیں تو یہی فکر محبوب ہے

در بیان تولد شدن نظر بند شہزادی فیروز شاہ دختر نہان کردہ مشہور کردو فرزند متولد شدہ خوشی کردن بادشاہ وغیرہ

مجھے ساقیا جلد دے جام بھر / ہوں بیگی دختر کہیں ہیں پسر
مجھے مئے پلا تاکہ میں از خمار / کروں جشن میں عیش کا کاروبار
گئے دن کئے جب اسی فکر میں / اسی گفتگو اور اسی ذکر میں
وو ہیں شاہ کو جا کے بولے خبر / دیا بھیج ایک دائی شہ معبرؔ
بھر ایسا ہوا ہے سنو مجھے یہ / اوٹھا شہزادی کے تیئں درد زہ

۱۔ شتاب جلدی ۲۔ ستی سے

بزان گھر کے اندر گیا بادشاہ
سو پوچھا ہے وین دائی کے پاس جا

کھی دائی بیٹی ہوئی تجھ کو شاہ
یہ ہیگن [2] ہے صورت میں مانند ماہ

غرض شاہ نے دیکھ اسے غش کیا
بہت خوش ہود لمین عش عش کیا

سو وین باہر آ کر منادی کیا
وزیروں کو بلوا کے شادی کیا

سبھی نظران اُکے دئے شاہ کو
کہ بیٹا مبارک شہنشاہ کو

خزانہ سبھی شاہ کھلوا دیا
غریبان فقیران کو دلوا دیا

بخومیوں نے آ زایچہ جو لکھے
سبھی شاہ کتین ہو مبارک کھے

نظر بند رکھا شہزادے کا نام
لگا تربیت کرنے کو صبح شام

وہ بیٹے کی شہرت دی اوسکتین
ہزار ایک سہیکی کیا ہے تعین

سہیلیاں وو ہین اسکے نت کردو پیش
نہ مرد اسکے نزدیک جاوے نہ خویش

وہ کئی دنمین سب علم میں طاق ہوے
ہے شہرت میں یکتائے آفاق ہوی

سنا یہ خبر شاہ اور اسکی ماں
جسے خلق کہتے تھے زیب النسا

بلا اسکے استادوں کو بادشاہ
کیا سب کو جاگیر و منصب دیا

دربیان انتقال فیروز شاہ وزیب النسا بیگم نشاندن اور ابر تخت نظر بند شاہزدے راو نزر دادن ہمہ وزیران وامیران وغیرہ

نظر بند کو جب بھرے سات سال
ہوا اس کے ماں باپ کا انتقال

سو شاہ وقت آخر وزیرو نکتئیں
نصیحت کیا یوں امیرو نکتین

میرے بعد رحلت تمہیں بل تمام
نظر بند کو دیو شاہی کا کام

موافق نصیحت کے سارے وزیر
بجالائے فرمان سارے امیر

نظر بند کتین گئے بادشاہ
سبھی خلق نذران دئے ہیں لے آ

خوشی سے شہر میں منادی کیا
سبھی خلق سن اس کو شادی کیا

نظر بند نے عدل و انصاف سے
کیا نام نیک اپنا اوصاف سے

سخاوت عدالت شجاعت کے سات
لگا سب سے چلتے مراتب کے سات

لگا جاکے ہر روز کرنے شکار
ممالک میں اس کا ہوا اشہار

کہ ہے شاہ فیروز کا ایک پسر
بہت خوبی و عدل سے نامور

اوسے تخت شاہی سزاوار ہے
پدر سے زیادہ وہ ہشیار ہے

خدا دادا اوسے عمر دولت زیاد
لگے کہنے اس طرح ہو خلق شاد

ہمیشہ اسی طرح رہنے لگا
بہت عدل و انصاف کرنے لگا

یہاں تو یہ قصہ کو بالفعل چھوڑ
سوئے شہر مگریاں باگ اپنا موڑ

آغاز داستان شاہ مگرایال وخوبی اونام مسعود شاہ بود احوال

مجھے ساقیا جلد دے بھر کے جام
گزر میرا ہے مگراں پر اب تمام

پلا میرے تئین تو شراب طہور
کہ جس سے ہمیشہ ابلتا ہے نور

تھے مگراں میں ایک صاحب کلاہ
جسے خلق کہتے تھے مسعود شاہ

سبھی اوستی خوش رعیت سپاہ
تھا سب اپنے لوگونکا پشت و پناہ

سبھی ملک اس شاہ سے آباد تھا
کہ سب شاہ ستی خلق دل شاد تھا

تھا مگراں اوس شہر کا خوب نام
گل موتیا گل کا وہاں اژدہام

تھی سب بات سے شاہ کتین خوشی
نہیں تھی سو اولاد تھی ناخوشی

اسی غم سے رہتا تھا وہ دل فگار
گزرتا تھا اس طرح سے روزگار

کئے روز بعد از سنا شہ خبر
کہ رہتا ہے کین ایک صاحب ہنر

فقیر ایک بیگا وہ صاحب کمال
جہاں میں نہیں کوئی اسکی مثال

یہ سن شاہ نے دلمین رکھ اپنے آس
گیا بیگا جلدی ستی اسکے پاس

کہا جاکے احوال اپنا تمام
اونے سنکے بولا کہ اے نیکنام

تجھے ایک دیتا ہے اللہ پسر
بہت عقل و فرہنگ سے بہرہور

دیا شاہ کو ایک مہرا نکال
کہا اسکتین رکھ تو اے خوش خصال

عطا تیرے تیئں جب کرے رب پسر
یہ مہرہ کو تو باندہ بازو اوپر

یہ ہے خاصیت اسکے بندنے میں سن
پچھانیگا وہ جانور کے سخن

یہ سن شاہ خوشحال ہو کر گیا
خوشی سے بہت دلمین بھر کر گیا

اوسی سال شہہ کے ہوئے گھر امید
ہوئی بادشاہ پر پڑی ایک عید

دربیان تولد شدن شاہزادۂ عاقل وخوشی کردن مسعود شاہ

پلاساقیا میرے تئیں جام بھر ، کہ شاہ کو ہوا ہے تولد پسر
گزر گئے ہیں جب نو مہینے تمام ، تولد ہوا شاہ عالی مقام
بہت خوبصورت تھا جوں آفتاب ، کوئی ایک اس کو نہ لاتے تھے تاب
مبارک خبر شاہ نے جب سنا ، بہت ہو کے خوشحال شادی کیا
بخومیان وزیرا امیران تمام ، ہے عارکھے شاہزادیکا نام
وزیران امیران کے سب در حضور ، مبارک کہے اور دئے سب نذر
شہنشاہ اس دن بہت شاد تھا ، شہنشاہ کا گھر اس دن آباد تھا

غرض خوش ہوئے خلق سب خاص عام وزیر وامیر ورعیت تمام

وہ شہزادہ کے دیکھ طالع کتین ، نجومیوں نے آکر کہے شہ سے ہیں
ہے گنتدام اوسے چودھویں سال میں ، مگر خیریت ہیگی سب حال میں
نجومیوں سے سُن شاہ ہوا گھابرا ، حفاظت ستی پالنے کو لگ
کہا میرا ہیگا خدا دے کریم ، مجھے کیا ہے پروا میرا ہے رحیم
لگا کرنے شہ پھر اوسے پرورش ، کہ جسطرح سے تھے شہونکی روش
پچھے جب کہ مکتب کے دن آیئے ہیں ، بڑی شادی تب شاگنوائے ہیں
بڑی دھوم سے شاہ مکتب کیا ، سبوں کو اضافی ومنصب دیا
سو پھر شاہزادیکو پڑھنے بیٹھائے ، سبھی علم شہزادے کتیں سکھائے
پڑائے ہیں اول خدا کا کلام ، بھی تف سیر اسکی کرائے تمام
پچھے فارسی کو کرائے تمام ، بھی سب علم اوسکو پڑائے تمام
سبھی بات میں یہ ہوا ہے تیار ، ہر ایک علم وفن میں ہوا ہوشیار
خبر جب سنا ہے شہ بحر وبر ، کہ فاصل ہوا ہیگا اپنا پسر
بہت شاد وخرم ہوا بادشا ، وشکر خدا تب لے آیا بجا
بھی شہزادہ کی آنکھ کھلنے کتین ، بلایا ہے دربار میں اسکتیں
وہ شہزادہ ہر روز آنے لگا ، مدام اس طرح آنے جانے لگا

جو پست وبلند زمانہ اوسے ، دیکھایا ہر ایک کارخانہ اوسے
بھرے چاردہ سال جب اسکتین ، تب عاقل لگا بولنے شہ سے دین
بہت دن سے مجھ کو ہے شوق شکار ، مجھے حکم دے اے شہ نام دار
کہ میرے تیئں ہے بڑی آرزو ، مجھے حکم دے کر تو کر سرخ رو
یہہ سن شہ کہا دلمیں کچھ ڈر نہیں ، نجومیان جو بولے سو دن گزرے ہیں
کہا اسطرح سے وہ بیٹے کتین ، تری آرزو بر لے آتا ہوں میں
تو ڈر مت تجھے بھیجتا ہوں شکار ، بہت حشمت وجاہ سے باوقار
غرض شاہ تیاری کرنے لگا ، وزیران امیران کو سارے بلا
کہا اون سے تم جاؤ شاہزادہ سات ، رہو اس سے ہشیار تم دن رات
پچھے فوج ساری وہ شاہ جہان ، دیا سات اس کے کہان ومیان
بلاشاہ پھر شہزادے کتین ، نئی ایک خلعت پہنائے وہیں
وہ مہرہ کتین یاد کر شہ منگا ، ہے بیٹے کے بازو پہ مہرہ بندہا
کہا بیٹے کو یہ خواص اوسکی سن ، پچھانیگا تو جانور کے سخن
منگ بعد اپنا جواہر تمام ، بندھا بیٹے کو شاہ عالی مقام
غرض شاہ بیٹے کو رخصت دیا ، بہت دھوم ستی روانہ کیا
خبر پائے سب خلق میں اشتہار ، کہ شہزادے کو شاہ بھیجا شکار
تماشے کتین خلق کہ اژدہام ، سبھی آئی ہیں دیکھنے خاص وعام
امیران فقیران غریباں تمام ، سبھی مرد وزن اور بچیان تمام
لگے شہزادے کو سب دیکھنے ، جو دیکھے سو شہزادے کو غش گئے
بہت خوبصورت تھا وہ مثل ماہ ، نہ تھی ٹہرتی اوسپہ کس کی نگاہ
لگی خلق سب اسکو دینے دعا ، ہمیشہ یہہ جیتا رہے اے خدا

دربیان از حال برائے شکار وشنیدن نقادئے چغد نے وعاشق شدن بر نظر بند

غرض شہزاد بڑی شوق سے ، چلا حکم لے باپ کا ذوق سے
لگا دیکھنے کو تماشے تمام ، لگا خلق کا لینے کتیئں وہ سلام

سبھی فوج لیکر وہ باہر چلا   چلاہے وہ جنگل کالے راستہ

شکاریوں نے لیکر چلے اسکتین   کہ جانور تھے شکاری سووین

لگے کہلنے کتیش سب شکار   وہ گھوڑونکو دوڑائے بے اختیار

قضارا ہرن ایک پیدا ہوا   وہ جنگل میں سے کین ہویدا ہوا

سو شہزادہ نے دیکھکر اسکتین   لیا گھوڑے کے باک یکبار وین

لگیا اسکے پیچھے سو بھاگا اونے   لگا پیٹ سے شہزادہ اونے

جو شہزادہ پیچھے ہرن کے لگ   کہیں دور جنگل میں جا رہا

ہرن غیب ہوا یہ ہوا منفصل   ہوا شہزادہ نہایت خجل

کبھی گھر سے باہر وہ نکلا نہ تھا   یکایک پھنسا ہے یہ جنگل میں آ

ہوا دلمین تب وہ بہت سا اداس   لگی تھی اوسے اور شدت سے پیاس

چلا ڈھونڈتا وہ جو پانی کتین   اوسے ایک گنٹا دسا خوب وین

وہ گنٹے پہ ایک جھاڑ پر مغز تھا   سو وہ بھارا اور سر سبز تھا

اتر کر وہ گنٹے میں منہ ہات دھو   وہ پانی پیا اور کیا ہے وضو

وہ گنٹے سے ہوکر بہت سا اوداس   فنا ہوکے دلمیں چلتا جھاڑ پاس

بندر ہا جھاڑ سے اپنے گھوڑے کتین   بچھا چار جامے کو لیٹا ہے وین

چغد اور چغدنی کہیں از قضا   اوسی جھاڑ پر دونو بیٹھے ہیں آ

چغدنی چغد سے کہی ہیگی وین   ارے دیکھ اس شہزادے کتین

کبھی گھر سے باہر یہ نکلا نہ تھا   بہت نعمت و ناز سے ہی پلا

تو دیکھ اسکتین کس خرابی میں آج   پڑا جھاڑ نیچے شہ تخت و تاج

چغد سنکے بولا چغدنی ستی   کہ آئے ہیں ہم تو جہاں سے ابھی

اوسے دیکھے نین تو وہ کس شان سے   چلاتی ہے ملک اپنے فرمان سے

عمر اوسکی دس سال کی ہے یقین   وہ عورت ہے اسکو تو دیکھے نہیں

چغد نے سنی سو ہوں گھابرے   چغد ستی پھر پوچھنے کو لگی

بہت خوبصورت ہو جون ماہ ہے   وہ عورت ہے سچ نین شہنشاہ ہے

چغد نے کہا وین چغدنی کو سن   میں کہتا ہوں اسکا سراپا سخن

پدا اسکا ایک شاہ فیروز تھا   وہ تھا بانج کوئی اسکو فرزند نہ تھا

یہ بیٹی ہوئی بعد کئی روز کے   وہ مشہور بیٹا کیا ہے اُسے

جو اسکے ہوا باپ کا انتقال   لئے بیٹے سب ملک کتین سنبھال

کوئی خلق اسکو نہیں جانتے   سبھی مرد کر کرہے پہچانتے

تاسف وہ عورت پہ تو کیوں نہ کھائے   تو اسکشیں دیکھ کیوں تلملائے

خرابی میں تو مرد کی ذات ہے   یہ عورت سے ہونا محالات ہے

یہ کہکر چغد کا وہ جوڑا اوڑا   غرض شہزادہ تھا جگتا پڑا

یہ سنکر بلا میں ہوا مبتلا   نظر بند کا دل سے عاشق ہوا

تب عاقل نے یہ اپنے دلمیں کہا   میری فوج دیکھی تو مجھ کو ذرا

نجانے دیونیگی میرے تین سبھی   یہ بھتر مجھے ہے کہ تامین ابھی

چلے جاؤں اوٹھ ڈھونڈتا اسکتین   ملینگے تو آخر نظر بند کے تین

یہ بولا سو دلمین ہوا ہوشیار   ھوا گھوڑے پر زین بند کر سوار

نہ معلوم تھا اسکتین راستا   چغد بھی نہیں کچھ کہا تھا پتا

دربیان عاشق شدن عاقل شہزادہ بر نظر بندو آوارہ بند در طلب اور وہ وحیرانی حاو غیرہ بگویند

توکل سے گھوڑے پہ ہوکر سوار   چلا عشق سے ہوکے دیوانہوار

غرض شہزادہ چلا دن تمام   شب ہونے میں اترا ہے وہ نیکنام

وہ جنگل اندھاری میں آکر پڑا   نہ تھا یار کوئی اوسکتین جز خدا

اوسے نیند آئی نہ شب کو ذرا   تڑپتا تھا تا صبح ہوئی بر ملا

صبح ہونے میں پھر وہاں سے نکل   چلا ڈھونڈتا اس کو جنگل جنگل

اسیطرح سے روز چلتا تھا وہ   جو شب ہووے تو کیں اترتا تھا وہ

لگے بھوک اسکو تو جنگل کے پھل   اوسے کھاکے چلتا تھا پھر وہ سنبل

وہ گھوڑے کو چھوڑا بیابان میں   چلا ہے پیادہ کوہستان میں

ذرا اسکو بوجھے کی طاقت نتھی   کہیں بھی اسے وہاں یہ راحت نہ تھی

غرض اونے زیو کو اپنے نکال
بیابان میں دیا پھینک ڈال

بھی شہزادہ اسطرح چلنے لگا
نہ اسکو تھا معلوم کہیں راستہ

نہ چلنے کی عادت کبھی تھی اسے
بہت پاؤں میں اسکے آئے پھلے

وہ پاؤنکو کپڑے سے لپٹا تمام
لگا چلنے آہستہ وہ خوش خرام

اسی طرح سے چھے مہینے چلا
وہ یکروز دل میں بہت لہو کھٹا

وہ رو رو کے حق سے کیا یہ دعا
کرم کر تو میرے پہ میرے خدا

میں عاجز ہوں مضطر ہو حیران ہوں
یہ جنگل میں پھر کر پریشان ہوں

خدا نے کیا ہے دعا کو قبول
کیا رب نے مطلب کو اسکے حصول

ملے آدمی دوسرے دن اسکو تین
اسے دیکھکر گر پڑے بر زمین

تب عاقل نے وہیں دور پانیکو لا
وہ تینوں کے چہرونپہ چھڑکائے جا

چھڑکنے میں پانی ہوئے ہوشیار
لگے پوچھنے اس ستی دو سہ پار

تو ہے کون اس شکل کا خوش جوان
تو شہزادہ ہے یا امیر جہاں

وہ تینوں ستی یوں کہا ہے وہ شاہ
نہ ہو نہیں امیر اور نہوں بادشاہ

تمھارے سر کا میں ہوں ایک جوان
میں رہ کو گیا تھا گم رے دوستان

تمہیں کان چلے ہو سو بولو مجھے
کہ تا میں تمھارے چلو ساتھ وے

وہ تینوں لگے کھنے عاقل کتین
نظر بند کی پاس ہم جاتے ہیں

ہم اس شاہ کتین سنے ہیں سخی
غریبونکو رکھتا ہے نوکر سبھی

یہ سنکر وہ بیجان کو آیا ہے جان
بہت دلمیں وہ خوش ہوا نوجوان

چلو لگا تمھارے ہو ہمراہ میں
کسی جانہ ہوں تاکہ گمراہ میں

کہ میں ہی تو اب نوکری کے لئے
چلا ہوں اوسی شاہ کی آس سے

میں بہت دن سے ہوں بیروزگار
اسی جا پہ جاتا ہوں ہو دل فگار

تمھاری مجھے اب تو صحبت ملی
تمھیں اور ہم مل چلینگے سبھی

ہوئے ہیں بہت خوش ہو آپسمیں مل
چلی اوس شہر کو ہو کر ایک دل

در بیان شنیدن مسعود شاہ حال پسر را و جستجو کردن فوج شاہ مذکور و یافتن شاہزادہ را بسیار غم کردن پدر و مادر

تو اب چھوڑ احوال یہاں کا ذرا
کچھ احوال اس شاہ مسعود کا

یکایک وہ شاہزادہ جب در شکار
ہوا غیب سو ہوئی خبر اشتہار

جب ارکان سارے خبر یہ سنے
لگے جستجو کرنے ہو کھابرے

لگی فوج کرنے کتین جستجو
پہاڑونمیں جنگلونمیں آ ایک سو

ہوئے فوج آخر سبھی کوہ بکو
وہ عاقل کو ڈھونڈتی تھے ہر ایک سو

اوسے ڈھونڈکر جب کہ نہیں پائے ہیں
بڑی غم ستے شہ کے پاس آئے ہیں

سنا ہے شہنشاہ جب یہ خبر
زمین پر لگا مارنے اپنا سر

لگا غم ستے رونیکو زار زار
لگا آہ کرنے کتین بار بار

ستی شہزادی کی ماں جب خبر
بہت غم سے کپڑوں کتین پھاڑ کر

زمین پر وہ لڑنے لگے ایکبار
لگے رونیکو ہو کے زار و نزار

کبھی ہاں بیٹا میرا کاں گیا
وہ کل تھا نہیں آج دستا سو کیا

ہوئے ہے بہت غم سے بیہوش بات
لگی کھنے کاں وہ میرا آفتاب

غرض اس طرح روتے تھے زار زار
بہت غم سے ہوئے تھی وہ بیقرار

جب اسطرح روتے تھے زار و نزار
لگا آہ کرنے کتین بار بار

غرض شاہ نے جستجو کے لئے
سبھی فوج اپنی روانہ کئے

وہ باہر سے ہرکارون کتین کو بلائے
ہر ایک شہر میں ڈھونڈنیکو چلائے

بہت شہ نے شہر میں غم کیا
وہ دولت کو اپنے برہم کیا

شب و روز رونے لگا بادشاہ
نہ کھانا نہ پینا نہ سونا ذرا

ہوا شہر ہلگریاں میں جب یہ غم
یہ غم سے ہوا شہر بر سب الم

سبھی ملک حیران الم سے ہوا
شہنشاہ زادے کے غم سے ہوا

وہ سب فوج ہرکارے آکر کہے
بہت ملک ہم جاکے ڈھونڈے اسے

کہیں بھی نہیں پائے اسکا سراغ
سبھونکے پڑا ہے بڑا دل میں داغ

یہ سن شاہ پہ ماتم ہوا ایکبار — ابل اس کے آنکھوں سے پانی کے دھار
زمین پر وہ لڑنے لگا ایکبار — لگا رونیکو ہانک پر ہانک مار
اسی غم میں اوقات جانے لگے — غم و غصے کو سارے کھانے لگے
محمد تو بس کر یہہ احوال کا غم — اب عاقل کی احوال کو کر رقم

دربیان داخل شد شدن ۳ ہر شخص وروم ونوکر شدن عاقل در حضور بادشاہ وہ محمل سراپائے نظر بند

وہ پہنچے ہیں جب سرحد روم میں — عجائب وہ دیکھے ہیں اس بوم میں
دیکھے ملک کو ہے بہت خوس فزا — سرا اور گنٹے ہر ایک جا بجا
اور اس ملک کی خوش تھی آب و ہوا — بہت خوبصورت شہر صفا
یہہ آسودہ ہونیکو در ایک سرا . — غرض مل اتر آئے ہیں اس جگا
وہاں جا کے آرام پائے ذرا — پھر اٹھکر وہ چلنے لگے راستہ
بہت شخص پھر رہ میں ملنے لگے — نظر بند کی تعریف کرنے لگے
کہے وہ سخی وہ بہت خوب ہے — وہ کم سن ہے در عمر محبوب ہے
بہت خوب صورت ہے وہ نوجوان — شجیع اور عادل ہے وہ مہربان
رعیت سپاہ کو کرے پرورش — اوسی پادشاہو نکی بادی روش
یہ تعریف شہ کی جب عاقل سنا — تب وہ دل کے اندر بہت خوش ہوا
غرض تھوڑے دن بیچ پہنچے ہیں جا — جہاں تخت گاہ تھا شہنشاہ کا
جو دیکھا سو عاقل کو بیہوس ہوا — وہ اپنی ستی بھی فراموش ہوا
جو تینوں وآئے تھے ساتھ اسکے وے — کوئی جار سالے میں نوکر ہوے
بہت خوبصورت تھی وہاں ایک سرا — یہ ماندا تھکارا اسمیں اترا ہے جا
سبھی لوگ دیکھ اس کو حیران ہوے — بھی دیکھ حسن اسکا پریشان ہوے
لگے کہنے اترا ہے کیا آفتاب — تصدیق ہے اس حسن پر ماہتاب
ہوا تھا سرا میں بہت اژدہام — کھڑے دیکھتے تھے سبھی خاص و عام
سہیلی کہیں ایک اسی شاہ کی — سوار ہو کے گھوڑے اوپر تھے چلے

کہ ہر حکم شاہنشہ نام دار — چلی جاتی تھی چونکہ باد بہار
قضا ہوا ہیگا اسکا گزار — جہاں تھے کھڑے سب صغار و کبار
یہ زن سب کتین دیکھ حیران ہوئی — لگی پوچھتے کتین سب ستی
ہوا کیا سب اسجگا اژدہام — جمع ہیں سبھی خلق کیوں خاص و عام
سہیلی ستی ایک نے یوں کہا — کہ اس جا پہ کوئی شخص اترا ہے آ
بہت صاحب حسن صاحب جمال — نہ ہوگا جہاں میں کوئی اسکے مثال
نگہہ اوسکے چہرے پہ جاتی نہیں — اگر دیکھے کوئی تاب آتی نہیں
سنی سو وہین دیکھنے کو چلی — اوسے دیکھ عشق کہا زمین پر گری
کوئی دوڑ کر اسپہ چھڑکا گلاب — تیا ہوش میں آئی ہے تب شتاب
تعجب کرے دل کے اندر وہ زن — زبان پر نہ لائی ہے کچھ ایک سخن
لگی پوچھنے کی تیئں اوسکا حال — کبھی مہر سے اسکو اے خوشحال
سبب کیا کہ تو بھائی آکر پڑا — تو آیا ہے اس ملک میں کیا تھا
سہیلی سے عاقل نے کہنے لگا — ہے تحقیق اس ملک میں ہوں تبا
میں اس شاہ کا عدل انصاف سن — جو آیا ہوں یہاں شہ کی اوصاف سن
میں چندے کروں شاہ کا روزگار — کہ تاؤں اس غم سے ہور سنگار
یہ سنکر سہیلی نے تب اسکا حال — کہی چل میرے ساتھ اے نونہال
میں کرتی ہوں شہزادے سے غرض — میرے پر ہوا ہے ترا کام فرض
غرض اسکتیں اپنے گھر لے چلی — کھلا اسکو کھانے کتین خوش کرے
حجامت کرا اور نہلائی اوسے — نیا جامہ ایک لا پہنائی اوسے
حجامت وہ نہانے سے وہ خوشحال — دو چندان نکلا ہے اپنا جمال
کہی میں تیرا حال کہتی ہوں جا — بلاویگا تجھکو میرا بادشا
سہیلی نے تب شاہ کے پاس جا — سہیلی حال اسکا کئی جو کہ تھا
شہنشاہ نے اسکو بولا کہ لاؤ — میرے روبرو لا کے مجرا کراؤ
اونے گھر میں تب جلدی سے دوڑ آئی — اور عاقل کو یہ خوش خبر لا سنائی

کہی تیرے تیں شہ کہاہیگا یاد　　بر آوے تیری ساری دلکی مراد
تو مجرا کر آشاہ کو دور سے　　بہت سا ادب اور دستور سے
یہہ سن شہزادہ بہت خوش ہوا　　تب یہہ اپنے دلمیں وہ کہنے لگا
ہے معشوق میری نظر بند یقین　　نہ عیب اسکے مجر لیسے میرے تیئں
میں قربان اگر اسپہ ہوں لاکہبار　　مجھے عیب نین ہے وہ میری ہے یار
واسطرح سے بول کر دلمیں بات　　چلا جلد اوٹھکر سہیلی کے سات
سہیلی اُسے لابر آداب گاہ　　کہی کر تو مجرا وہ بیٹھا ہے شاہ
تب غافل نے جلدی سے مجرا کیا　　وہ پھر بعد نزدیک شاہ کے گیا
نظر بند نے دیکھ اوسے ایکبار　　ہوئی بیگی بیہوش اور بیقرار
وہ ظاہر میں کچھ بھی نہ بولی سخن　　سنبھالی وہ اپنے کو ہشیار زن
جو دیکھا نظر بند کو یہہ نام دار　　کہا کیا خدائی کے ہیں کاروبار
ملاحت عجب اوسکے صورت پہ تھی　　نہ ویسی تو پھر کسکے مورت پہ تھی
نہایت وہ خوش شکل تھی اور حسین　　ز سر تا بپادہ ملاحت گزین
سبھی بار ابرن تھے اسمیں تمام　　مہر چاردہ تھی بااحترام
کہ جو جو کہ خوبصورتی کے تھے ڈھب　　سبھی اوسکے اعضا برابر تھے سب
بھے جو چیز ہے حسن کتیں کو ضرور　　دیا اوسکتیں تھا خدائے غفور
غرض اوسکا ثانی نتھا در جہاں　　ملاحت تھی چہرہ پہ اوسکے عیاں
ٹپکتا تھا چہرے ستی اسکے نور　　ابلتا تھا اوس ستی بلبل کا شعور
تب عاقل نے نظر بند کو دیکھکر　　وہ غش کھا زمین پر گرا بیخبر
غرض دوڑ کر سب نے اسکو اٹھا　　لگے پوچنے کیا سبب تو گرا
سہیلی کو بتلا کے عاقل نے وین　　کہا یہہ کھلائی تھی کھانے کتیں
میں دو دن کا بھوکا تھا غش میں پڑا　　جو کھانا پڑا پیٹ میں میرے جا
ہوا اسبب غش ہے میرے تئیں　　اسی واسطے میں گرا بر زمین
یہ سن شہ سہیلوں سے یوں کہا　　اسے بولو گھر جا کے آرام پا
سہیلیاں کہے اس ستی ایجوان　　تم اب جا کے گھر پاؤ ارام جان

یہہ عاقل نے سن اُسے کہنے لگا　　ذرا سا میرے تیں کو غش تھا ہوا
بحال اب تو میرا ہوا ہے مزاج　　کھڑا ہوں شہنشاہ کے خدمت میں آج
یہ سنکر بہت خوش ہوا دلمیں شاہ　　کیا مہربانی سے اوسپر نگاہ
نظر بند پھر دلمیں اپنے کہا　　بہت خوبصورت ہے یہہ دلربا
اگر شاہزادہ یہہ ہوتا تو میں　　یقین عقد کر لیتی اب اسکتیں
یہہ افسوس نفرا ہے یہہ بالیقین　　اب افسوس کھا کے حاصل نہیں
سہیلوں سے شہ نے کہا پھر سنو　　رہے اس سپاہی سے یوں بول دو
تیرے حال پر رحم آیا مجھے　　میں رکھتا ہوں نوکر اسیواسطے
ترا حوصلہ پانچ کا بھی نہ تھا　　تجھے سی ۳ روپیہ کا میں نوکر رکھا
سہیلوں نے غافل کو جب یہ کہا　　تب عافل کیا عرض اے بادشا
میرا حوصلہ ہوگا اس سے بھی کم　　یہ لیکن ہے شہ کا میرے پر کرم
یہہ بولا سو آداب لایا بجا　　بہت دلمیں شہ اوس ستی خوش ہوا
پھر عاقل سہیلی کے گھر میں گیا　　اوسیکے وہ جا گھر میں رہنے لگا

دربیان رفتن عاقل برائے کشتن شیر بر وکشتن شیر را-

اسیطرح سے جب کتنے دن گئے　　نظر بند یکروز کہتے لگے
میرے دلمیں آتا ہے کہلوں شکار　　شکاریوں کو بولو کہ ہووین تیار
یہہ بخشی سنا سو کہا شہ سے جا　　شکاریان کئے عرض میرے سے آ
جہاں جا کے حضرت تھے کرتے شکار　　وہاں شیر رہتا ہے انسان خوار
تو حضرت کا جانا مناسب نہیں　　پڑا رہتا ہے شیر جنگل میں کین
نظر بند نے سن کے تب چپ رہا　　بہت دلمیں اپنے ناخوش ہوا
سو پھر شاہ بولا ایک سہیلی کتیں　　وو بخشی کتیں بول بھیجا وہیں
تو جلدی ستی جا کے وہ باگ مار　　بہت دلمیں میرے ہے شوق شکار
سہیلی کہی جلد بخشی سے جا　　یہ سن بخشی شہ پاس حاضر ہوا
لگا عرض کرنے وہ شہ کے پاس　　میں حاضر ہوں جانے کتئیں پھر اس

میرے سر میں ہے درد بے اختیار | کہ جانیکی طاقت نہیں زینہار
سو اسپر بھی مجھ کو ہوئی حکم اگر | ابھی میں چلا اے شہ بحر و بر
یہہ بخشی سے سن شاہ کہنے لگا | تیر سر میں ہے درد تو تو بچا
توجلدی سے جا بھیج کوئی امیر | کہ جلدی ستی جاکے مارے وہ شیر
یہہ سنکر چلا شہ کو کر کورنشات | وہی گھر میں آیا ہے وہ نیکذات
امیرونکو جا بولا شہ کا پیام | امیران نمانے کوئی اسکا کلام
وہ ہر ایک نے ایک بہانہ کیا | نظر بند سے دلمیں کوئی نہیں ڈرا
غرض شہ نے یہہ خبر جب سنا | امیرونکے اوپر ہی غصی ہوا
کھا میری ہووے سواری تیار | کہ میں شیر کا کرتا ہوں جا شکار
یہہ عاقل سنا سو ہوا گھابرا | اور یوں دل ستی اپنے کہتے لگا
ارے دل توجلدی سے جا مار باگ | نہیں تو یہہ جاتی ہے ہو دردناک
اگر مارے اسکے تیئن باگ آ | میرے تئیں میرا جینا تلخ ہویگا
اگر جاوے معشوق یہ بات سے | ملینگی نہیں پھر کسی بات سے
ہے بہتر بھی میں کسی طور سے | بھی جاؤں اوس باگ کو مار کے
یہ تجویز کر دلمیں محکم اساس | گیا ہے وہ اپنے سہیلی کے پاس
کھا جاکے اس پاس میں ہوں سنا | گیا ہے وہ اپنے سہیلی کے پاس
کھا جاکے اس پاس میں ہوں سنا | کہ شہ مارنے شیر کتین چلا
اگر شہ میرے تیئن حکم دے | میں آتا ہوں اس شیر کو مار کے
یہ سنکر سہیلی بہت خوش ہوئی | وو ہین بادشاہ پاس جا عرض کی
یہہ سنکر بہت شاہ نے خوش ہوا | کہ نوکر بنا کام آیا میرا
کھا شاہ نے بولو اسکو کہ جاؤ | وہ شیر ببر کتین مار آؤ
سو پھر وہ سہیلی کھی اسکو آ | یہہ سنکر کھا مجھ کو سامان دلا
نہ گھوڑا ہے مجھ کو نہ ہتیار ہے | یہ سامان مجھ سبکو درکار ہے
پھر وہ سہیلی گئی شاہ کے پاس | کھا تھا جو انہیں کہی پھر اس
کھا شہ گھوڑا منگا دو اسے | سب ہتیار سامان دلادو اسے

یہہ سنکر سہیلی نے عاقل کو سات | طویلہ کتین لیکئی نیکذات
تب عاقل نے ایک جاکے گھوڑا لیا | سو داروغہ یہہ دیکھ غصے میں آ
کھا تو یہہ گھوڑیکے لائق نہیں | یہہ نفرا یہہ گھوڑے سے قایق نہیں
یہ گھوڑا نہ دیونگا تیرے تین کو میں | یہ سن کر سہیلی کھی اوسکتین
اے داروغہ کیا تو دیوانہ ہوا | کہ اس کو کیا حکم ہے بادشا
سنا سو وہ داروغہ گھوڑے کو لا | اوسیوقت عاقل کتیں ہے دیا
کہ بعد از سلح خانہ کو وہ چلا | سو عاقل نے اوسکتین نین لیا
تو داروغہ غصے میں آکر کہا | کہ اس بیجیا کا ہے کیا سر پھرا
یہ شاہونکے ہتیار چہتا سبھی | نہ دیونگا اسکتین میں کبھی
سہیلی یہ سنکر کھی اوسے جا | کہ ہے شاہ کے کام پر یہ چلا
جو مانگے سو اوسکو دیو تم لے آؤ | توقف کچھ اسکام میں مت لگاؤ
یہ داروغہ سن دلمیں ہو گھابرا | وہ سب خاصے ہتیار لاکر دیا
سہیلی سے داروغہ کہنے لگا | یہ شاہونکے ہتیار میں لادیا
وگرنہ کبھی میں ندیتا یقین | یہ ہتھیار شاہان نفر کتیں
غرض اونے ہتیار پانچو لگا | مسلح ہو گھوڑے کے اوپر چڑھا
سہلی سے بولا وہ راستا | نہیں مجھ کو معلوم ہے وہ جگا
سہیلی نے ہرکارے کتین بلائی | سو عاقل کے ساتھ وے اسکو چلائی
کہ عاقل نے لے سات اسکو چلا | جہاں شہر جنگل میں رہتا آتھا
کیا حکم تھا پھر سہیلی کو شاہ | کہ عاقل کے دے سات تھوڑے سپاہ
سہیلی نے بخشی کو بولی ہے جا | کہ اسطرح کا حکم ہے شاہ کا
یہہ بخشی سنا سو اسیوقت وین | دیا سات تھوڑے سپاہونکے تین
کیا تیس تک آدمی اسکے سات | کھا جاؤ عاقل کے تم سنیو بات
سلامان وہ سب کر کے بخشی کتیں | جو سارے چلے آئے ہیں گھر کو وین
سو طیار ہونے لگا اونکو دیر | گیا آگے تھا عاقل نرہ شیر
جو عاقل نے ہرکارہ کو لیکے سات | چلا تھا جہاں رہتا تھا شیر ذات

جو نزدیک جب یہہ کہ پہنچے ہیں جا
وہ ہرکارہ عاقل سے کہنے لگا

وہ سوتا ہے پانی کے چشمے پہ باگ
تمہیں مارو اسکو میں جان ہو بھاگ

یہہ ہرکارہ اوس سے کہا سو چلا
وہ جھاڑی میں جاکر کہیں چھپ رہا

تب عاقل نے کر یاد نام خدا
ہے نزدیک اوس شیر کے جب گیا

دیکھا شیر سوتا ہے اسجا پڑا
کہا اسکو یوں مارنا نین روا

کہ نامردی ہے اسکو یوں مارنا
اگر مارنا تو جگا مارنا

سو عاقل نے ایکبار للکار کر
ہے حملہ کیا اسکو ہشیار کر

اونے ہو کے ہوشیار اوس پر کرا
بہت گرگرا اوسکے اوپر پڑا

او عاقل نا ڈر کیا اوسپہ وار
کیا ہے اوسی وار میں اسکو ٹہار

کہ چھے گز کا تھا قد میں وہ شیر نر
سوا اسکتین مارا یہ شیر نر

ہے مارا اوسکو عاقل کھڑا ہو رہا
وہ گنٹے کتیئں ہاتھ دھونے چلا

سو گنٹے میں جا ہاتھ دھویا ہے وہ
لہو بھی لگا تھا سو دھویا ہے وہ

سو ہرکارہ تھا دور سے دیکھتا
کہ دیکھا ہے وہ جو سبھی ماجرا

سنو اب نظر بند کا یہاں سے حال
کہ کیا اسکے دل میں گیا ہے خیال

وہ عاقل کو بھیجا تھا جنگل میں جو
کہا تھا اوسے باگ کو ماریو

خیال اوسکے دلمیں گیا یوں گزار
کہ عاقل کو لیوے گو باگ مار

میرے تیئں بہت بد لگے گی یہ بات
وہ ہے مرد عاقل بہت نیک ذات

بھانہ اوٹھ دلمیں اب شیر کا
تماشہ بھی دیکھونگا میں شیر کا

کرے دلمیں یہہ بات جب استوار
کہی ہووے میری سواری طیار

وزیر اور بخشی سنے یہ خبر
ہوے ہیں وہ حاضر سبھی آن کر

لے آئے سواری کو تخت روان
ہوا ہے سوار اوسپہ شاہ جہاں

بڑے دبدبے سے سواری چلی
کہ ارکان دولت تھی پیدل سبھی

جنگل میں جب شاہ داخل ہوا
سو بخشی سے شہ پوچھنے کو لگا

میں بولا تھا عاقل کے دیو لوگ سات
تمہے لوگ گیا نین دیئے بولو بات

جو یہاں آدمی کوئی دستا نہیں
یہ کہنے لگا بخشی شہ کنتئیں

میں تیس آدمی کو کیا تھا تعین
وہ شاید ہوئے سات اوسکے یقین

سواریکی شہہ کے خبر جو سنے
وہ تیس آدمی جو کہ در گھر میں تھے

وہ کترا کے جلدی سے رستے کتین
شہ پانے سے حاضر ہوئے جاکہ ہین

نظر بندی عاقل کے احوال کو
یہہ ہر ایک سے کرنے لگا جستجو

بہت دل کی اندر ہوئی گھابری
یہہ ہرکارے نے شہ سے عرض کی

سو عاقل نے اس شیر کو مار کر
گیا ہاتھ دھونے کو وہ نامور

یہہ سنکر بہت خوش ہوا بادشا
کیا اسکے مردی پہ صد مرحبا

کہا شاہ تخت روان لے چلو
کہ عاقل نے مارا جہاں شیر کو

سو عاقل نے دھو کر لہو اور ہات
وہ گنٹے کے باہر چلا نیکذات

بہت دور سے اوسکتین ایک غبار
لگا دسنے عاقل کتیئں ایکبار

کہا دل میں عاقل کے آتے ہیں او
جو بخشی دیا تھا میرے سات سو

اسے پھر بہت لوگ دسنے لگے
سو عاقم کہا اپنے یہہ دلمیں

کہ شاید نظر بند آتے ہیں کیا
یکایک چتر اسکو دسنے لگا

یقین جب ہوا یہہ عاقل کتین
خود آپ ہی چلا پیشوائیکے تیئں

ہے جب روبرو شہ کے عاقل ہوا
سو آداب شہہ کو لے آیا بجا

سہیلی کو بولا کہ پوچھو اوسے
تیرے سات کوئی آدمی کیا نہ تھے

سہیلی جو پوچھی ہے عاقل کنتئیں
کیا شاہ نے عرض عاقل سے وین

کہ لوگ آنے کتین لگی تھوڑی دیر
میں جلد آیا اون سے کہ تا ماروں شیر

میں مارا ہوں اسکو بفضلِ خدا
یہہ سنکر سہیلی سے شہ نے کہا

سواری میری لے چلو اس جگا
جہاں شیر ہے قتل ہوکر پڑا

غرض شاہ کی لے سواری چلے
اوسے دیکھکر شاہ بہت خوش ہوے

تب عاقل کے اوپر کئے آفرین
سو وہاں سے پھرے شاہ گھر کتین

وہ دن جاکے جب دوسرا دن ہوا
سو عاقل کتین شاہ نے تب بلا

کہا شاہ نے مارا یہہ جو جاکے شیر
خطاب ہم دیئے اسکو عاقل امیر

کہ منصب سے بھی سرفرازی کئے
جو منصب اوسے ۳ ہزاری دیئے

بجالایا عاقل نے آداب دین
لگا بد سب ارکان دولت کتین

حد سے ہوئے سارے دلمیں کباب
کھے اسکو لایق نہ تھا یہہ خطاب

یہ نفرا ہے پاجی ہے اور بیجیا
ہمارا تو شاہ طفل ہے اور نیا

نہیں اسکو معلوم شاہو نکی داہٹ
یہ جومی میں آتا سو کرتا ہے اب

پھر عاقل گیا وہاں سے گھر کے تیئں
سہیلی جو اسکے سو آئی و نہیں

مبارک کہے اور بلائین لئے
پھر اسطرح سے اوسکو کہنے لگے

تو کب تک رہیگا میرے گھر بھلا
بنا گھر جدا کر کے شکر خدا

خدا تیرے تیئں بھی یہہ منصب دیا
زیادہ تو اوسے بھی پھرے ہو کیا

سہیلی سے عاقل نے یہ سن لیا
سو ایک خیمہ اپنا بنایا نیا

وہ گزران پھر اسمیں کرنے لگا
اسی طور سے اوسکا معمول تھا

دربیان رفتن نظر بند شاہ بشکار دیدان ہرن طلا افتادن اودر صحرا

اسی طرح سے جب کئے دن گئے
نظر بند شاہ ایکدن یوں کہے

بہت دن سے مجھ کو ہے شوق وشکار
کہو جا کے بخشی سے کوئی یکبار

وہیں دوڑ بولے ہیں بخشی سے جا
سو وین بخشی تیار کرنے لگا

وہ تیاری کر شاہ سے بولا ہے جا
کہ میں حکم شاہ کا لے آیا بجا

کہ جب ہوئی مرضی چلیں شاہ شکار
سر نجام سارا کیا میں تیار

یہہ سن شاہ فرمائے بخشی ستی
کہ تیار ہو کل سوراای میری

ہو بخشی نے آداب لایا بجا
چلا گھر کتین شاہ سے پار صنا

خبر بخشی کروایا سارو نکتین
کہ کل شاہ تشریف فرماتے ہیں

جو کل صبح حاضر رہیں آ تمام
لے ارکان دولت سے تا خاص وعام

سو ایک اسپ شاہ کے سواری لئے
لے آیا زین بند اوسکو حاضر کئے

وہ دن جا کے جب دوسرا دن ہوا
سو شاہ خود بدولت سواری کیا

وزیر اور بخشی امیران تمام
ہوئے شاہ ہمراہ سبھی خاص وعام

سہیلیاں سبھی شاہ کے سات تھے
جو خدمت میں ہوشہ کے دن رات تھے

سو عاقل بھی ہمراہ تھا شاہ کے
کہ حلقہ رہے گرد جیون ماہ کے

چلا اس تجمل ستی پادشا
یکایک جو جنگل میں پہنچے ہیں آ

کہا شاہ مردون کو سب یکبار
کہ سب گھوڑے دوڑا کے کھیلو شکار

یہہ سن شاہ کا حکم سب ایکبار
سو گھوڑوں کہ دوڑائے بے اختیار

کہا دل سے عاقل نے کیورے دل
اسے چھوڑ کر جاتے ہیں متصل

یہ جنگل میں سے شیر آوے اگر
نظر بند کے جانکو ہے خطر

یہ سب عور تونکا ہے کیا اعتبار
کہ سب بھاگ جاوینگے بے اختیار

یہ دل سے کہا اپنے اور نین کیا
وہ شاہ دیکھ حیرت کیا اور کہا

سبب کیا گیا نین یہہ سارونکے سات
سہیلی سے پوچھا شہ نیک ذات

سہیلی نے عاقل سے پوچھتی ہے جا
کتو سارون کے سات کیوں نیں گیا

کیا عرض عاقل نے ہو باادب
کہ میرے نہ جانے کا ہے یہ سبب

سپاہو نمیں حضرت کے کوئی سات نین
مناسب نہ سمجھا ہوں جانیکا میں

یہہ خوش ہوا ہے نظر بند شاہ
کیا مہربانی سے اوسپر نگاہ

سہیلوں کو لے شاہ کرتا شکار
چلا تھا وصحرا میں ایکبار

دسے شاہ کو ایک ہرن از قضا
کہ اس سر ستی پاؤں تھی طلا

کہ تھے اوسکے تو آنکھ یاقوت کے
دو کان اوسکے تھے زمرود کے

اوسے دیکھ کر شاہ ہوا بیقرار
سو یا دوڑایا گھوڑیکو بے اختیار

سہیلیاں کے گھوڑے سبھی تھکہ رہے
ایک عاقل مگر سات تھا شاہ کے

ہرن کا جو پیچھا کیا بادشاہ
سو ایک تیر سارا ہے ادہر کر نگاہ

ہرن کے لگے پاؤنمیں تیر جا
ہرن غیب ہوی شاہ حیرت کیا

سو یں پیچھے پھر کر کیا شاہ نگاہ
ایک عاقل سو اکسکو نین دیکھا شاہ

بہت شاہ غصے سے برہم ہوا
او عاقل سے شاہ بات کرتا نتہا

کہ تب جو پہر دن گیا تھا گزر
وہ جنگل میں پانی نہ تھا بوند بھر

وہاں تھی بہت تابش آفتاب
گرمی ستی شہ نہ لایا ہے تاب

لگی تھی ہے اوسپر سے شاہ کو عطش　　کہ نزدیک تھا شاہ کو ہووے غش
پھر عاقل سے کرتا تھا شہ بات　　سو عاقل نے سمجھا فراست کے سات
کہ اب شاہ کو گرمی کی تین تاب ہے　　جو ہے شہہ کو پیاس اور یہاں نین آب ہے
سو جرعت سے عاقل نے بولا پکار　　میں ڈھونڈتا ہو جارے شہ نام دار
کہ سایا ہویا کین سے پانی ملے　　میں بولونگا تب شاہ سے آنکے
نظر بند نے کچھ نہیں دے جواب　　وہ گرمی و غصّے سے ہوئی تھی کباب
سو عاقل نے گھوڑیکو ڈوڑا کے وین　　لگا ڈھونڈنے جب پانیکی تیئن
ہے چشمہ اوسے دور سے ایک دسا　　جو عاقل نے نزدیک اوسکے گیا
دیکھا جھاڑ وہاں ایک ہے سیب کا　　مکان وہ ہوادار تھا زیب کا
لگے سیب تھے جھاڑ کو بیشمار　　وہ سب دیکھ عاقل چلا ایکبار
سو عاقل نے جا عرض شہ سے کیا　　ہوادار ایک جائی ہے باصفا
اوسے جا کے حضرت اگر دیکھیں آج　　بہت آپکی خوش ہونگی مزاج
یہہ عاقل سے سن بات کچھ نین کیا　　مگر سات اوسکے چلا بادشاہ
نظر بند جب دیکھا جا وہ جگا　　بہت دل منے شاہ کے خوش لگا
سو عاقل کیا عرض پھر شاہ سے　　بندھا جھاڑ سے گھوڑیکو نام دار
لگے گھوڑے سے شاہ اوترنے شتاب　　سو عاقل نے وین آکے دابا رکاب
جو عادل کے تھے شاہ قابل کتئیں　　وہ معلوم تھے سارے عاقل کیتئیں
رکاب نظر بند تھے داب تے　　اوترنیکے اوقات میں شاہ کے
نظر میں تھی عاقل کے یہ بات کین　　رکاب آکے شہ کی دبایا ہے وین
جو گھوڑے سے اترا ہے شاہ برزمین　　سو عاقل نے جھاڑا زمین کے تین
اوٹھا گھوڑے کا چارجامہ لے آ　　ہے خاصا بچھانا کیا شاہ کا
پیالہ وہ تھالی تھی عاقل کے پاس　　نہیں ایسا تھا مرد خدمت شناس
سفر کے اوسے یاد تھے خوب ڈھب　　جو تھالی نکلا ہے عاقل نے تب
وہ تھالی کو گنئے میں دھویا ہو جا　　پچھے جھاڑ سے سیب توڑا ہے جا
وہ سب سیب کو دھو کے تھالی میں ڈال　　رکھا روبرو شاہ کے وہ خوش ہوا خصال

کہ شاہ کتئیں بھوک تھی اور پیاس　　اوسے دیکھ شہ خوش ہوا بیقیاس
نظر بند سب سیب جب کھالیا　　کا تب شاہ کتین ضرورت ہوا
جو عاقل کتین بات کرنے کتین　　سو عاقل کو تب شاہ فرمائے ہیں
لگی پیاس ہے مجھ کو پانی پلا　　بہت دلمیں عاقل یہ سن خوش ہوا
کہ معشوق میری کرے مجھے بات　　سمجھ دلمین یہہ جلد وہ نیکذات
پیالہ کتین جلدی سے دھولیا　　جو پانی کتین شاہ کو لادیا
سو شہہ نے پیا ہے وہ پانی کتین　　مجھے جھاڑ سے لگ کے بیٹھایا ہے ویں
اور عاقل کو فرمایا کہیں بیٹھ جا　　سو عاقل نے کسکر کمر کو چلا
سبھی فوج پر شاہ غصے سیں تھا　　جو ایک آدمی بھی نہیں تھا رہا
ہو کر شاہ بیٹھا تھا بر چین چین　　لگا دلمیں اس طور سے کہنے کتین
کہ گھر جا کے دیوئنگا تعزیر میں　　جو سب فوج پر رکھ کے تفصیر میں
ہے شاہ دلمیں یہہ بات کرنے لگا　　جو عاقل تہ چاروں طرف دیکھتا
خبردار تھا وہ ساروں کتین　　وہ شہ کی خبرداری کرنے کتین

در بیان اور دن سمن شہزادہ استغسار کردن حقیقت اوشاہ نظر بند گفتن سمن ہرن پشت خود

سو کین دور سے ناگہان ایک غبار　　لگا دسنے عاقل کتین ایکبار
تب عاقل کرنے کتین جستجو　　کہا دیکھنے جلدی سے آکے ہو
یہہ شہہ کو بھی وہ گرد دسنے لگی　　سو عاقل نے یوں شہ سے عرض کی
کہ آتا ہے دور سے کوئی ایک سوار　　بہت لوگ کا نین ہے گرد و غبار
کہ شاید ہمارا ہے کوئی ایک سوار　　یہہ بولا سو عاقل چلا ایکبار
لگا جا کے پھر دیکھنے اوس کتین　　لیا کھینچ تلوار کو اپنے دین
جو نزدیک جب ہو ہوا ہے سوار　　کیا شہ سے عرض عاقل نے آ
ہمارا یہ دستا نہیں ہے سوار　　دسا اجنبی شخص وہ نام دار
یہ کہتے تھے نزدیک آیا ہے وہ　　ہرن گود میں لیکے روتا ہے وہ

وہی تھی ہرن جس کو مارا تھا شاہ
اوسے دیکھ حیرت کیا بادشاہ

سو وہ آکے گھوڑے سے اترا ہے وین
لگا پوچھنے کو یہ عاقل کتین

کہ تم کون اور کون ہے دوسرا
جواب اسکتین کو یہ عاقل دیا

میں نوکر ہوں یہ ہے میرا بادشاہ
نظر بند ہے روم کا بادشاہ

نظر بند کا جب سنا ہے و نام
کہا بھائی صاحب میرا ہے سلام

نظر بند نے تھوڑی تعظیم دی
سلام اوسکا لیکر خوش آئیں ستی

کہا یہاں تمہیں آنکر بیٹھتے
بھی نام و نسب اپنا سب بولئے

سبب کیا ہرن کو لئے پھرتے ہو
کہ سب اپنا قصہ مجھے بول دو

او نہیں رو کے قصے کو کہنے لگا
کہا نام میرا سمن بادشاہ

میں ماباپ کو ایک لوتا تھا ایک
سمن شاہ میرا رکھے نام نیک

بہت چاؤ سے پالتے تھے مجھے
محل ایک بنائے میرے واسطے

میرے تین بہت چاندنی سے تھا شوق
بہت عیش و عشرت سے تھا مجھکو ذوق

اسی طرح سے میرا گزران تھا
عجب ایک شب کا تماشا ہوا

کہ اوس شب چھپر گھٹ پہ سوتا تھا میں
ایک عورت بہت خوب آئی ہے وین

لئے پاندان میرا اور پان کہائے
عطر دان سے عطر لیکر لگائی

جو تھوکے میری پیکدان جب روٹھا
سو بعد از سے نزدیک او میرے آ

میرے منہ کا کپڑا اوٹھائی ہے او
مجھے دیکھ مجھ کو جھکائی ہے او

اوسے دیکھ غش سے گئی میری تات
میرے منہ پہ اُن لاکے چھڑ کا گلاب

میں ہشیار ہوکے جو پوچھا اوسے
تو جن ہے کیا یا آدمی بول دے

کہ اس رات کتین تو آئی سو کیا
میرے تین تو آکر اوٹھائی سو کیا

کہی میں نہ جن ہوں نہ ہوں آدمی
میرا نام سن تو نرگس پری

میں عاشق ہوں دل سے تیرے اوپر
اسی واسطے آئی ہوں تیرے گھر

یہ بات اس سے سن میں بہت خوش ہوا
میں ہوشیار ہو عیش و عشرت کیا

سو آتی تھی ہر شب کتین وہ پری
اسیطرح سے میری گزران تھی

جو ایک شب ہوکر گھابری وہ پری
میرے ستے یو آکے کہنے لگی

میرا عشق کا غل غلا سب ہوا
یہ شہرت پرستانمیں اب ہوا

میرے تین کیا چھتے ہیں سارے قید
ہوا ہے دوست میرے ستے ناامید

لگی رونے پھر وہ پری زار زار
لگا رونے کو میں بھی ہو بے قرار

اسیطرح پھر تھوڑے دن گئے گزر
سو ایک روز بے وقت وہ میرے گھر

بہت گھابرے ہوکے ہو بے قرار
میرے سے کہی آکے وہ دلفگار

مجھے آج کے روز کرتے ہیں قید
کہ تو ہو میرے ستے اب ناامید

پر ایک شرط محکم میرے سے تو کر
سوا میرے کسکو تو شادی نکر

ترے سے بھی مجھ کو نہیں ہے قرار
کہ تو توڑیو مت یہ میرا اقرار

کیا شرط میں اس پری سے قبول
لگے رونے ہم دونوں ہوکر ملول

اونے دائی ایک لائی تھی اپنے سات
پری بولی میرے سے اے نیکذات

یہ ہے ذات میری تو اے مہربان
چھپا رکھ اسی کو تو تصویر جان

اگر یاد آوے میری تجھ کو بات
سبھی پوچھ لیجو تو اس دائی سات

میرے تین تین اسے دیکھ کر یاد کر
تیرے دل کتین اُستے شاد کر

یہ بولی سو رونے لگی زار زار
لگیا میں بھی رونے کتین ایکبار

سو وہ رو کے پھر میرے گلے لگی
پری چھوڑ کر دائی کتین چلی

پھر اوسی دن سے آئی نہیں وہ پری
کہ شاید کہیں قید میں ہی پڑی

میں سب بادشاہی کتین چھوڑ کر
یہ پھرتا ہوں دائی کو لے دربدر

نظر بند سارا یہ احوال سن
ہے پوچھا اوسے کون ہے یہ ہرن

سمن نے نظر بند کو رو کر کہا
وہ دائی ہے جس کا لیا نام تھا

ہرن کی نبا اپنی صورت کیتین
ہوا کھانے جاتی ہے جنگل میں کین

جو صحرا میں کوئی تیر مارا ہے آج
جو غصے سے برحم میری ہے مزاج

لگی تیر وہ پاؤنمیں اوسکے جا
لہو پاؤں سے اوسکے بے حد گیا

اسی واسطے اب تو روتا ہوں میں
ہوا دکھ پہ دمبل یہ میرے تیئن

نظر بند نے سن کے ہنسنے لگا
کہا یہ تو مجھ سے ہوئی ہے خطا

اسے تیر مارا ہوں میں در شکار
یہ معلوم مجھ کو نہ تھا زینہار

یہ سن مسکرایا ہے عاقل نے تب — تھی اشیا ضرورت کی اس پاس سب

کچھ عاقل کے ہمراہ مرہم بھی تھا — وہ ہرن کو مرہم لگایا لے آ

سمن سے نظر بند کہنے لگا — ملاؤنگا معشوق کو میں لے آ

کرو فکر مت تم کسی بات میں — وہ آخر پری آوینگی ہات میں

جو پوچھا سمن نے نظر بند سے — یہ کون آدمی ہے کہو تم مجھے

نظر بند نے ڈال چین بر چین — لگا بولنے کو سمن کے تیئں

یہ نفرا تھا اوسکو کیا میں امیر — جنگل میں مارا ہے تب جبکہ شیر

سو کہنے لگا پھر سمن شہ سے یوں — نہیں فوج دستی تمھارے سے کیوں

